31 مارچ 2020

معزز CPS والدین، اہل خانہ، اور عملہ،

یہ گزشتہ مہینہ ہم سب کے لیے غیر معمولی طور پر مشکل رہا ہے. جہاں یہ اتنا مشکل تھا کہ جس کی وجہ سے ہماری معمول کی زندگیاں ٹہراؤ کا شکار ہو گئیں، وہیں ہمیں اپنے CPS کے خاندان پر اور اس بات پر نہایت فخر ہے کہ آپ ہمارے شہر کی صحت کے تحفظ کے لیے کس طرح سے حرکت میں آئے. آج، گورنر پرٹزکر (Pritzker) نے اعلان کیا ہے کہ ریاست بھر میں اسکولوں کی اعلان کردہ بندش کی مدت میں 30 اپریل تک توسیع کی جائے گی.

جہاں یہ نہایت مشکل ہے، وہیں اپنے شہر کے تحفظ کے لیے ہمیں ایسا ہی کرنا ہو گا، اور ہم وعدہ کرتے ہیں کہ ہم ان بندشوں کے دوران اپنے طلباء، اہل خانہ اور عملے کے اراکین کی مدد کے لئے پوری تندہی سے کام کر رہے ہیں.

<u>اہم یاددہانیاں</u>

ہمارے طلباء کے لیے صحت مند غذائیں دستیاب ہیں.
جب سے ہمارے اسکولز بند ہوئے ہیں، CPS کے خاندانوں کو 2.1 ملین سے زائد مفت گریب اینڈ گو غذائیں مہیا کی گئی ہیں. خاندان پیر تا جمعہ صبح 9 بجے سے دوپہر 1 بجے تک اپنے علاقے میں موجود CPS کے اسکولز سے گریب اینڈ گو غذائیں حاصل کرنا جاری رکھ سکتے ہیں.

گھر بیٹھے تدریس کے عمل کا آغاز 13 اپریل 2020 سے ہو گا.
اس ہفتے کے آغاز میں، ہم نے اپنے پری K–12 طلباء کے لیے گھر بیٹھے تدریس کے منصوبے کا اعلان کیا تاکہ بندش کے دوران اپنے طلباء کو مصروف رکھ سکیں، انہیں پڑھا سکیں، اور اسکول کی کمیونٹی سے ان کا رابطہ برقرار رکھ سکیں.

- گھر بیٹھے تدریسی اسائنمنٹس اور سرگرمیاں طلباء کے نتائج میں بہتری کا باعث ہی بنیں گی. ہمارا مقصد تعلیم میں اضافہ کرنا ہے، نہ کہ اسکول کی بندش کے دوران اپنے طلباء پر منفی انداز میں اثرانداز ہونا.
- اس عرصے میں ڈیجیٹل تقسیم کو کم کرنے میں مدد کے لیے ضلع 100,000 سے زائد ڈیوائسز تقسیم کرے گا.
- براہ کرم مزید جاننے کے لیے cps.edu/remotelearning ملاحظہ کریں.

آپ اپنے اور اپنی کمیونٹی کے تحفظ میں مدد کے لیے ہر روز اہم اقدامات کر سکتے ہیں.

- بیمار ہونے کی صورت میں، گھر پر رہیں.
- سماجی فاصلہ برقرار رکھیں.
- کثرت سے ہاتھ دھوئیں.
- پریشانی کے خلاف مزاحمت کر کے ایک دوسرے کی مدد کریں.
- chicago.gov/coronavirus اور cps.edu/coronavirus ملاحظہ کر کے باخبر رہیں.

اگر آپ کو طبی نگہداشت کا پتہ لگانے میں مدد درکار ہو، تو براہ کرم oshw@cps.edu پر CPS دفتر برائے صحت و بہبودِ طلباء پر رجوع کر کے یا 773-553-5437 (KIDS) پر CPS کے احکاماتی مرکز پر کال کر کے ہم سے رابطہ کریں.

ہم اکٹھے مل کر اس صورتحال سے نمٹ لیں گے.

مخلص،

جینس کے. جیکسن (Janice K. Jackson) EdD
چیف ایگزیکٹیو افسر
شکاگو پبلک اسکولز (Chicago Public Schools)

لٹانیا ڈی. مکڈیڈ (LaTanya D. McDade)
چیف تعلیمی افسر
شکاگو پبلک اسکولز (Chicago Public Schools)